14/01/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کا روحانی ورثہ ایک ایسا بیش بہا اثاثہ ہے جو کہ جموں کشمیر کی مجموعی تعمیر و ترقی میں اخلاقی اور بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ایل جی نے ان باتوں کا اظہار گاندھی میموریل کیمپ کالج رائے پور جموں میں سنگر مال میگزین کا خصوصی شمارہ اجرا کرنے کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرنے کے دوران کیا۔

ایل جی نے کہا کہ ہمارا ثقافتی اور روحانی ورثہ سماج کے تانے بانے کو جوڑے رکھنے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔

نتائج

جموں کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن نے دسویں جماعت کے سالانہ ریگولر امتحانات کے نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ بورڈ کے سیکرٹری غلام حسن شیخ نے شعبہ خبر کو بتایا کہ اس امتحان میں کل 94 ہزار 845 طلباءشامل ہوئے تھے جن میں سے 80 ہزار 650 نے کامیابی درج کی ہے۔ دسویں جماعت کے امتحان میں کامیاب امیدواروں کی شرح 85.03 فیصد رہی ہے ۔ اس طرح لڑکوں میں کامیابی کی شرح84.30 رہی جبکہ لڑکیوں میں یہ شرح 85.78 فیصد رہی ہے ۔ قابل ذکر ہے کہ 36 امیدواروں نے 5 سو نمبرات میں سے 499 نمبر ات حاصل کئے ہیں۔

مکر سنکرانتی

فصل کی کٹائی کا تہوار مکر سنکرانتی آج ملک کے مختلف حصوں میں منایا جا رہا ہے۔مکر سنکرانتی، سردیوں کے اختتام اور طویل دنوں کی شروعات کی ایک علامت کے طور منایا جاتا ہے۔

نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اوروزیر اعظم نریندر مودی نے مکر سنکرانتی کے موقع پر ملک کی عوام کو مبارکباد دی ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیراعلی عمر عبداللہ نے بھی اس موقع پر جموں کشمیر کی عوام کو مبارکباد دی ہے۔

اپنے الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹس میں انہوں نے دعا کی کہ یہ تہوار جموں و کشمیر کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی کی نوید لے کر آئیں۔

Veterans ڈے

صدر جمہوریہ درووپدی مرمو اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے مسلح افواج کے سابق فوجیوں کے دن کے موقع پر سابق فوجیوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا کہ اپنی مدت کے دوران سابق فوجیوں کی دلیری اور شجاعت کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے ۔

ڈے کے Veterans لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی آرمڈ فورسز موقع پر تمام سابق فوجیوں کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے تمام سابق فوجیوں کی بے لوس خدمات اور ملک کی حفاظت اور سالمیت کو برقرار رکھنے کے تئیں اُن کے غیر متزلزل عزم کو خراج تحسین پیش کیا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششر گپتانے ایک جائزہ میٹنگ کے دوران ضلعے میں شب معراج اور یوم جمہوریہ کی تقریب کے تعلق سے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ دونوں تقریبات کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے ٹریفک کے منظم انتظام، صفائی ستھرائی سمیت پانی اور بجلی کی بلاخل سپلائی کو یقینی بنائے۔

ڈپٹی کمشنر کولگام

کا دورہ کر کے وہاں جمع بندی کو Qaimoh ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے تحصیل آفس منجمد کرنے کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ جمع بندی کو حتمی طور

منجمد کرنے سے پہلے تمام ضوابط کی تعمیل اور قانونی پہلوو

ں کی پیروی کو یقینی بنائیں تاکہ مستقبل میں اراضی کے ریکارڈ سے متعلق تنازعات کی تعداد ۂ کو کم کیا جا سکے۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے کل ڈی سی آفس کے احاطے میں قائم صحن کی زیبائش اور تجدید کاری کے بعد اسے عوام کے نام وقف کیا۔ اس میں ڈی سی آفس آنے والے تمام لوگوں کے لئے بہتر سہولیات فراہم کی گئی ہےں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے تمام افسران پر زور دیا کہ وہ سرکاری دفاتر آنے والے تمام لوگوں کے لئے لازمی خدمات اور بہتر سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر باقی نہ رکھے۔

JKEDI

ڈیولپمنٹ Enterpreneurship خواتین کارخانہ داروں کو با اختیار بنانے کے لئے جموں کشمیر اینڈ کونسلنگ سینٹر میں Employment انسٹیچوٹ کے ڈسٹرکٹ سینٹر بانڈی پورہ نے ضلعے کے ایک خصوصی تربیتی پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ اس تربیتی پروگرام کے توسط سے خواتین کارخانہ داروں کو جدید دور کے کاروباری تقاضوں کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لئے خصوصی بانڈی پورہ سید اسرار قادری نے JKEDI تربیت دی جائے گی۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ نوڈل آفیسر وادی کی اقتصادی حالت کو بہتر بنانے میں خواتین کے رول کو اجاگر کیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی ACB کر رہا ہے۔

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کے تاثرات ACB ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****